14 فروری 2013ء

عوام اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والی ایکسچینج کمپنیوں کے خلاف شکایت درج کرائیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے عوام کو ہدایت کی ہے کہ اگر کسی ایکسچینج کمپنی کے خرید و فروخت کے ریٹس میں 25 پیسے کی مقررہ حد سے زیادہ فرق ہو اور/ یا اگر وہ مختلف کرنسیوں کے ایکسچینج ریٹس اپنے دفتر میں نمایاں طور پر آویزاں نہ کرے تو وہ اسٹیٹ بینک میں شکایات درج کراسکتے ہیں۔

اگر ایکسچینج کمپنی کرنسی نوٹوں کی کمی یا عدم دستیابی کے بہانے سے زرمبادلہ، جس کی ٹرانزیکشن جائز ہو، بیچنے سے انکار کرتی ہے یا آویزاں کیے گئے ریٹس کے علاوہ کسی اور ریٹ پر خرید و فروخت کرتی ہے تب بھی اسٹیٹ بینک میں شکایت درج کرائی جاسکتی ہے۔

شکایت کنندہ ایکسچینج کمپنی آؤٹ لیٹ کا نام، پتہ، تاریخ اور وقت کی تفصیلات فیکس نمبر 99212527 (021) پر بھیج سکتے ہیں، یا پھر اس پتے پر بذریعہ خط اپنی شکایت ارسال کر سکتے ہیں: ڈائریکٹر، ایکسچینج پالیسی ڈپارٹمنٹ، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000۔ شکایت کنندہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی ایک نقل، خرید و فروخت کا مقصد اور دیگر متعلقہ تفصیلات ضرور بھیجے۔

یاد رہے کہ اسٹیٹ بینک نے (دونوں کیٹیگریز کی) ایکسچینج کمپنیوں کی طرف سے وصول کیے جانے والے اسپریڈ پر زیادہ سے زیادہ 25 پیسے کی حد عائد کی ہے (یعنی زرمبادلہ کی فروخت اور خرید کا فرق 25 پیسے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے)۔ اسٹیٹ بینک کی ہدایات کے تحت ایکسچینج کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ اپنے دفاتر میں نمایاں طور پر مختلف کرنسیوں کے ایکسچینج ریٹس آویزاں کریں۔

****